بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نمبر: 9492جی۔آر — مورخہ:09-10-2019

سرکلر

جناب پرنسپل

الحاق شدہ جملہ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز،

فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چینوٹ اضلاع

عنوان:۔ فرسٹ ائیر سالانہ امتحان 2019 میں پاس/33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر طلبہ کی ری ایڈمشن کی تاریخ اور رجسٹریشن آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں دستی جمع کروانے کا شیڈول۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن کے لیے درج ذیل شیڈول منظور کیا گیا ہے۔

نمبر شمار	فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن طلبہ کا داخلہ Online رجسٹریشن اور بنک میں فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ	اداروں میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری کرنے، بنک میں فیس جمع کروا کے کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور مصدقہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن، ریونیولسٹ، فارورڈنگ لیٹر کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی حتمی تاریخ
1	10-10-2019 تا 11-11-2019	11-11-2019
2	رجسٹریشن فیس	1000 روپے فی طالب علم
3	پراسیسنگ فیس	395 روپے فی طالب علم
4	سپورٹس فیس	100 روپے فی طالبعلم

وضاحتی نوٹ

1۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ امسال سالانہ امتحان 2019 میں فرسٹ ائیر میں پاس/ 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر رہنے والے اور صرف رجسٹرڈ ہونیوالے طلبہ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی الحاق شدہ ادارہ میں اپنی مرضی سے پچھلا نتیجہ چھوڑ کر اپنے ہی گروپ /کمبی نیشن یا تبدیل کر کے اپنے پہلے سے الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کے تحت ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں نیز پاس امیدواران جو اپنے حاصل کردہ نمبروں سے غیر مطمئن ہونے کے باعث جماعت فرسٹ ائیر میں دوبارہ (Re-Admit) ہونے کے خواہش مند ہیں وہ اپنے نتیجہ کی منسوخی کی بابت بیان حلفی اور درخواست (نمونہ بیان حلفی بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود ہے) اپنے متعلقہ ادارہ میں ہی جمع کروائیں گے اور ادارہ پاس امیدواران کا بیان حلفی اور درخواست، ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ رجسٹریشن برانچ میں جمع کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

2۔ ایسے امیدواران جو بورڈ سے قبل ازیں رجسٹرڈ ہو چکے ہیں لیکن فرسٹ ائیر میں شامل امتحان نہ ہوئے ہوں وہ بھی ری ایڈمٹ کے اہل ہوں گے تاہم جو امیدواران فرسٹ ائیر امتحان سالانہ 2018 یا اس سے قبل شامل امتحان ہو چکے ہیں وہ ری ایڈمشن کیلئے نا اہل ہیں ری ایڈمشن کی سہولت ایک ہی مرتبہ حاصل کی جا سکتی ہے۔

3۔ آن لائن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی بمعہ اصل کمپیوٹرائزڈ بینک چالان دفتر کی رجسٹریشن برانچ میں دستی وصول کروا کر رسید حاصل کریں۔ مقررہ شیڈول کے مطابق کٹ لسٹ کی کاپی وصول نہ کروانے کی صورت میں مبلغ-/500 روپے یومیہ لیٹ فیس لاگو ہوگی۔

--sd--

(پروفیسر محمد افضل چوہدری)

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:

1۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چینوٹ اضلاع۔

2۔ فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چینوٹ اضلاع کے جملہ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز کے سربراہان ادارہ۔

3۔ ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد

4۔ داخلی تقسیم

Naveed

میاں محمد عارف نوید

ڈپٹی سیکرٹری (جنرل)